Rampur State Gazette.

مطبوعہ روز شنبہ ۹ شعبان ۱۳۵۳ھ

مطابق ۱۷ نومبر ۱۹۳۴ء

جلد (۱۴) — نمبر (۵۲)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱) اظہار خوشنودی مزاج اقدس از خدمات خان بہادر مسٹر مسعود الحسن صاحب بہادر و دیگر افسران و ملازمان عالیہ ریاست ۲

(۲) اجازت ملازمت ریاست جمیل احمد وغیرہ۔ ۲و۳

(۳) رخصت لفٹنٹ کرنل آئیر نجمی صاحب افسر کمانڈنگ رضا انفنٹری۔ ۳

(۴) تکمیل تنخواہ حامد علی خاں جنگجو رضا فنانس آفس ۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام جلالتمآب اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- مورخہ ۱۷ نومبر ۱۹۳۳ء

بدولت و اقبال ۱۴ نومبر ۱۹۳۳ء کی شب کو بفضل الٰہی بخیر مراجعت فرمائے رامپور ہوئے۔

ہم نے روانگی سفر یورپ سے قبل فرمان مصدرہ ۸ فروری ۱۹۳۳ء جاری فرما کر ایک کونسل انتظامیہ مقرر کی تھی۔ ہماری واپسی پر اس کونسل کی مدت آج ختم ہوگئی۔ ہماری غیر موجودگی میں ممبران کونسل نے بالخصوص پریسیڈنٹ کونسل خان بہادر مسعود الحسن صاحب نے جس دیانتداری، وفاشعاری، اور حسن اسلوب سے اپنے مفوضہ کام کو انجام دیا۔ اس پر بدولت و اقبال اپنی خوشنودی، اور طمانیت کا اظہار فرماتے ہیں۔

نیز ہماری عزیز رعایا، افسران، اور ملازمان نے جنہوں نے ہماری غیر موجودگی میں اپنی وفاداری اور فرض شناسی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کے جذبات، اور طرز عمل کی بدولت و اقبال دلی قدر فرماتے ہیں۔

تاریخ امروزہ سے تمام منسٹر صاحبان بہادر یعنی اپنے ان صیغہ جات کے ذمہ دار ہوں گے۔ جو ہماری روانگی یورپ کے وقت ان کے تفویض تھے۔

بدولت و اقبال آئین ریاست اور نظام حکومت کے متعلق غور فرما کر عنقریب ایک مفصل فرمان جاری فرمائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ مذکور سے احکام مناسب جاری ہوں۔ ایک ... درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

حکم:- مورخہ ...

ساکنان ریاست کو ریاست میں ملازمت کی اجازت ... کا تذکرہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ...

دستخط بندگان عالی دام ...

حکم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

عرض ...

جناب عالی!

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء میں ... جمیل احمد، شکیل احمد، اکبر احمد، عزیزان مولوی سید ... عطائے اجازت ملازمت ریاست پیش ہو کر طے ... ہر سہ اشخاص مذکور کو ریاست میں ملازمت عطا کئے جانے کے بارہ میں ... وجوہوں میں کی گئی تھی

لہٰذا کاغذات ذریعہ عرضداشت یا ...

...ضور انور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال
پائندہ باد۔

حکم
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:
مورخہ ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء

حسب عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر
بابت منظوری رخصت لفٹنٹ
کرنل امیر بخش صاحب جو ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء
کو پریڈ کے بعد دہلی جانا چاہتے ہیں
اور ۱۴ر نومبر ۱۹۳۳ء کی شب میں
واپس آجائیں گے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ لفٹنٹ کرنل امیر بخش صاحب
...ا سکتے ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء بعد پریڈ تا ۱۴ر
نومبر ۱۹۳۳ء دہلی جانے کے لئے رخصت
دی گئی ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام
بخدمت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں
...ہیڈکوارٹرس سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے
(دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

حکم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
بعینہ ضروری جاری ہوں۔ آرمی ہیڈکوارٹرز
سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے
۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:
مورخہ ۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

بموجب رپورٹ حامد علی خاں جنگکار کی سابقہ
تنخواہ معافی تنزل سے دس روپیہ ماہوار پر دوبارہ
بحال کیجاتی ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام
صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — پیشرفت

جناب عالی:
منشی حامد علی خاں جنگکار فائل آفس کا دس روپیہ
تنزل ہو کر بطور سزا پندرہ روپیہ تنخواہ پر دوبارہ بحال فرمایا
گیا تھا۔ معافی تنزل کے کاغذات کونسل انتظامیہ میں پیش ہوئے
تھے کونسل نے اپنی رپورٹ میں ظاہر کیا ہے کہ جنگکار مذکور بوجہ کمی تنخواہ
پریشان ہے اور نیز معافی قصور کا خیال خواستگار ہے برداشت
بحالی رقم تنزل شدہ کی کونسل انتظامیہ نے سفارش کی ہے لہٰذا کاغذات
ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔
زیادہ حد ادب دولت و اقبال پائندہ باد

حکم
دستخط ...
۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۳ر نومبر ۱۹۳۳ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)